# بھنیرو ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بھنیرو ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے ارکان کا 47واں سالانہ اجلاس عام بروز منگل 27 اکتوبر 2026 کو سہ پہر 03:00 بجے، بمقام کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر یعنی عمر ہاؤس، 23/1، بکلفر 23 ایس ایم فاروق روڈ، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی میں موصول ہونے والی منقطلیاں ڈیویڈینڈ کے مقصد اور کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کیلئے بروقت تصور ہوگی۔

اجلاس میں مندرجہ ذیل عمومی اور خصوصی امور سرانجام دیئے جانے کی تجویز دی گئی ہے۔

**عام امور**

1۔ 15 جون 2026 کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ 30 جون 2026 مختتمہ سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں، جن کے ساتھ چیئرمین کا جائزہ، آزاد آڈیٹر کی رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور سالانہ رپورٹ 2026 کا حصہ بننے والے تمام دیگر انکشافات، بیانات اور رپورٹس شامل ہیں کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 223 کے مطابق اور S.R.O. 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کی تعمیل میں، کمپنی کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں جو مندرجہ ذیل ویب لنک اور OR ایبلڈ کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں:

URL: http://www.umergroup.com/bhanero-financial-reports.html

3۔ اگلی مدت یعنی سال 2026-2027 کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کا معاوضہ 2,600,000 پاکستانی روپے مقرر کرنا (مالی سال 2025-26: 2,600,000 پاکستانی روپے)۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز مشتاق اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس دوبارہ تقرری کیلئے خود کو پیش کرنے کے اہل ہیں۔

**4۔ خصوصی امور**

(A) کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 208 کے تحت متعلقہ فریق کے لین دین کے سلسلے میں درج ذیل قراردادوں کو ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر خصوصی قرارداد کے ذریعے منظور کرنا:

(i) "قرار پایا کہ سال کے دوران کئے گئے متعلقہ فریقین کے لین دین جیسا کہ 30 جون 2026 مختتمہ سال کے مالیاتی گوشواروں میں انکشاف کیا گیا ہے، بذریعہ ہذا اس کی توثیق، منظوری اور تصدیق شدہ ہے۔"

(ii) "قرار پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز 30 جون 2027 اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیس ٹو کیس کی بنیاد پر لین دین کی منظوری دینے کا مجاز ہے۔

مزید قرار پایا کہ بورڈ کی طرف سے منظور شدہ لین دین کو شیئر ہولڈرز کی طرف سے منظور شدہ سمجھا جائے گا اور ان کی باضابطہ توثیق/منظوری کے لئے اگلے عام اجلاس میں شیئر ہولڈرز کے زیر غور رکھا جائے گا۔

**5۔ کوئی دیگر امور:**

صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امور پر کارروائی کرنا۔

مذکورہ خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کا بیان جیسا کہ ایکٹ کی دفعہ 134(3) اور SRO 423 (I)/2018 کے تحت درکار ہے۔

نوٹس ہمراہ مادی حقائق کے بیان کو ڈاک کے ذریعے شیئر ہولڈرز کو ترسیل اور کمپنی کی ویب سائٹ "www.umergroup.com" پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ SRO 452(1)/2025 آف 2025 کی دفعات 223(6) مورخہ 17 مارچ 2025 کے تحت، کمپنی نے جون 2026 کے لیے نوٹس سالانہ اجلاس عام اور سالانہ رپورٹ اُن شیئر ہولڈرز کو الیکٹرانک طور پر بھیج دی گئی ہیں، جن کے ای میلز ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے ہاں دستیاب ہیں۔

بحکم بورڈ

محمد احمد
کمپنی سیکرٹری

کراچی مورخہ: 29 ستمبر 2026ء

**نوٹ:**

1۔ اجلاس میں الیکٹرونکلی شرکت کے لئے

حصص داران ویڈیو لنک کی سہولت "زوم" کے ذریعے بھی اجلاس میں شرکت کر سکتے ہیں جو گوگل پلے یا ایپل ایپ اسٹور پر دستیاب ہے۔

زوم اجلاس میں شامل ہوں۔

https://us05web.zoom.us/j/3397286733?pwd=N2FFNXpkYkZCS213bzNVNzZZbm94UT09

میٹنگ آئی ڈی: 339 728 6733

پاس کوڈ: btmcorp

2۔ کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 20 اکتوبر 2026 تا 27 اکتوبر 2026 (دونوں ایام شامل) بند رہیں گی۔ 19 اکتوبر 2026 کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بواقع عمر ہاؤس، 23/1 بکلفر 23 ایس ایم فاروق روڈ، کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی میں موصول ہونے والی منتقلیاں ڈیویڈینڈ (اگر کوئی ہو) کے استحقاق کے مقصد اور کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کیلئے بروقت تصور ہوگی۔

3۔ بطور پراکسی کسی دیگر ممبر کے ذریعے ورچوئل اجلاس میں شرکت کے خواہشمند ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا پراکسی فارم (الف شدہ) بذریعہ ای میل btm.corporate@umergroup.com پر یا کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل بھجیں۔

4۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2)132 کی پیروی میں، کمپنی اپنے ارکان کو اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت، اگر دستیاب ہو، ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں شرکت کرنے کی سہولت فراہم کرے گی، جہاں کمپنی کے 10 فیصد یا زیادہ حصص یا فنگان ہیں، بشرطیکہ کمپنی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (07) دن پہلے ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں حصہ لینے کا مطالبہ وصول کرتی ہے۔

اس سلسلے میں، گزارش ہے کہ سالانہ عام اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 10 دن قبل درج ذیل فارم پُر کریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کروائیں۔

"میں، ہم ..... سکنہ ..... بحیثیت رکن بھنیرو ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ ما لک ..... عام حصص بذریعہ ہذا ..... میں ڈیو کانفرنس سہولت اختیار کرنا چاہتے ہیں۔

دستخط حصص دار .....

5۔ SRO 1013(1)/2017 مورخہ 6 ستمبر، 2017 کی تعمیل میں، 30 جون، 2026 تک غیر دعویٰ شدہ شیئرز اور ڈیویڈینڈ یا مضاربہ سرٹیفکیٹ کی دعویدارانہ تفصیلات ہماری ویب سائٹ: www.umergroup.com پر اپ لوڈ کی گئیں ہیں۔ اس سلسلے میں، مذکورہ حصص یا فنگان سے درخواست ہے کہ وہ کسی بھی غیر دعویٰ شدہ منافع حصص یا مضاربہ سرٹیفکیٹ کے حوالے سے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر یا شیئر رجسٹرار دفتر سے رجوع کریں۔ 3 سالوں سے زیادہ واجب الادا غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈینڈز کا گیم نوٹس ہذا کے 90 دنوں کے اندر اندراج کرنے میں ناکامی کی صورت میں ایسے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈینڈز کی رقم کمپنیز ایکٹ 2017 کی ضروریات کے مطابق وفاقی حکومت کے کریڈٹ میں جمع کرائی جائے گی۔

6۔ ارکان سے درخواست ہے کہ اپنے پتہ اور بینک تفصیلات میں تبدیلی اگر کوئی ہو، فی الفور ہمارے شیئر رجسٹرار، حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کر دیں۔

7۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کا سیکشن 242 جس میں بیان کیا گیا ہے کہ "نقد میں قابل ادائیگی کوئی بھی ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے براہ راست مستحق شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کیا جائے گا"۔ سیکشن 242 کی تعمیل میں ایس ای سی پی کے جاری کردہ سرکلر CLD/CCD/PR(11)/2017 No.18/2017 مورخہ یکم اگست-17 کے مطابق لسٹڈ کمپنیوں سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ شیئر ہولڈرز سے الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ حاصل کریں اور اس سلسلے میں تمام شیئر ہولڈرز کو پہلے ہی نوٹس بھیجا گیا ہے۔

مزید برآں، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے نوٹیفکیشن نمبر SRO1145(1)2017 مورخہ 6 نومبر 2017 کے تحت کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کی پروویژن کے مطابق لسٹڈ کمپنیوں کی طرف سے ڈیویڈنڈ کی تقسیم کے لیے ریگولیشنز جاری کیا گیا جس کے لیے مستحق حصص داران سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ بشمول بینک کا نام، اکاؤنٹ کا عنوان، بینک کی برانچ کا پتہ اور بین الاقوامی بینک اکاؤنٹ نمبر کی معلومات حاصل کرنا ضروری ہے۔ اس سلسلے میں ہم تمام رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز کو ہدایت کرتے ہیں کہ وہ بینک کی تفصیلات فراہم کریں تاکہ ان کا نقد منافع براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں کریڈٹ کیا جائے، اگر اعلان کیا گیا ہو۔ ہمیں اپنے متعلقہ بینک کے ساتھ بینک کی تفصیلات کی تصدیق بھی فراہم کریں اور سی ڈی ایس میں بک انٹری سیکیورٹیز کی صورت میں، سی ڈی ایس پارٹیسپنٹس کو اور فزیکل سیکیورٹیز کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کرائیں۔

8۔ ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ S.R.O.452(I)/2025 کی دفعات کے تحت عام اجلاس میں تحائف، بگو آویزیا اعزازی اشیاء کی تقسیم کی سختی سے ممانعت ہے۔

9۔ ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ S.R.O.451(I)/2025 کی دفعات، جنہیں کمپنیز ایکٹ، 2017 کے 134 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے گا، کے تحت خصوصی امور کے زمرے میں آنے والے تمام امور کے لیے لسٹڈ کمپنی کے اراکین صرف پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دے سکیں گے۔ اس مقصد کے لیے عام اجلاس میں ذاتی طور پر شرکت کرنے والے اراکین کی جانب سے شوآف ہینڈز کے ذریعے ووٹ ڈالنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

مزید برآں، وہ اراکین جنہوں نے عام اجلاس کی تاریخ سے قبل الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ کاسٹ نہیں کیا ہوگا، انہیں عام اجلاس کے روز صرف بیلٹ پیپر کے ذریعے اپنا ووٹ ڈالنے کی اجازت ہوگی۔

**10۔ ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ**

پوسٹل بیلٹ/ای ووٹنگ کا شیڈول اور طریقہ کار اجلاس کے سات (7) دن قبل کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.umergroup.com پر رکھا جائے گا۔ ممبران ایکٹ کے سیکشن 145-143 اور ترمیم شدہ 2018/254(1) SRO کے رُو سے جاری کردہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی لاگو شقوں کی اجلاس کی ضروریات کے ساتھ مشروط رائے شماری کا مطالبہ کرنے کا اپنا حق استعمال کر سکتے ہیں۔

**a)۔ ای ووٹنگ**

i)۔ ای ووٹنگ کی سہولت کا طریقہ کار کمپنی کے ان ممبران کے ساتھ ای میل کے ذریعے شیئر کیا جائے گا جن کے کاآمد ای میل نمبر/ای میل ایڈریس (رجسٹرڈ ای میل آئی ڈی) ممبران کے رجسٹر میں 19 اکتوبر 2026 کے آخر تک دستیاب ہیں۔ چنانچہ وہ ممبران جو ای ووٹنگ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنا چاہتے ہیں وہ 19 اکتوبر 2026 کو یا قبل اپنے کاآمد سیل نمبرز اور ای میل کمپنی کے رجسٹرار کے ہاں فراہم یا جمیں: "btm.corporate@umergroup.com" پر ای میل کریں گے۔

ii) ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات اور سیکیورٹی کوڈز حمید مجید ایسوسی ایٹس (بحیثیت ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ) کی طرف سے ای میل کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔

iii) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت ای میل لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

iv) ای ووٹنگ لائنیں 24 اکتوبر 2026، صبح 9:00 بجے سے شروع اور 26 اکتوبر 2026 کو شام 5:00 بجے بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت میں کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار جب کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈال دیا جاتا ہے، تو اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**b)۔ پوسٹل بیلٹ**

i) اراکین متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا انتخاب کر سکتے ہیں اور ان کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے اور اسے کمپنی کی ویب سائٹ www.umergroup.com سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

ii) اراکین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ہمراہ صحیح طریقے سے پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر اجلاس کے چیئرمین تک بذریعہ ڈاک عمر ہاؤس، 23/1، بکلفر 23، ایس ایم فاروق روڈ، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی (بمنسوب کمپنی سیکرٹری/چیئرمین) بروز سوموار 26 اکتوبر 2026 شام 5:00 بجے سے قبل تک پہنچ جانے چاہئیں۔ بلٹ پیپر پر دستخط CNIC / کمپنی کے ریکارڈ میں دستخط سے مماثل ہوں۔ اس وقت/تاریخ کے بعد موصول ہونے والا پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے زیر غور نہیں لایا جائے گا۔

**c)۔ SRO 254(1)/2018 کی شق 5 کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید اینڈ ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ای ووٹنگ خدمات سرانجام دینے کے لیے مقرر کیا ہے۔ مناسب طریقے سے خدمات سرانجام دینے کے لیے ان کے پاس اپنا محفوظ ویب پورٹل سسٹم ہے۔**

11۔ ایکٹ کے سیکشن 72 کی پروویژن کے تحت، حصص یا فنگان کو اب اپنے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم کے ساتھ تبدیل کرنا ضروری ہے۔ اس کے مطابق فزیکل شیئرز کو اب بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے اور شیئر ہولڈرز کو اپنے سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) اکاؤنٹس میں رکھنے کی ضرورت ہے۔ CDS اکاؤنٹ کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں واقع سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے کسی بھی سی ڈی سی شرکت کنندہ (اسٹاک بروکر یا سی ڈی سی انوسٹر اکاؤنٹ سروسز ڈیپارٹمنٹ (سی ڈی سی آئی اے ایس) کے ذریعے کھولا اور برقرار رکھا جا سکتا ہے۔

سی ڈی سی میں بک انٹری فارم میں حصص رکھنے کی اہم خصوصیات درج ذیل ہیں:

- بک انٹری کے حصص ضائع، چوری یا خراب نہیں ہو سکتے۔
- ڈپلیکیٹ شیئرز جاری کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔
- بک-انٹری کے حصص کی فوری طور پر سٹاک مارکیٹ میں تجارت (فروخت/خریداری) کی جا سکتی ہے۔
- بک انٹری حصص کی منتقلی/فروخت کے لیے ٹرانسفر ڈیڈ کی ضرورت نہیں ہے۔
- کسی بھی مالیاتی سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے بک انٹری کے حصص گروی رکھے جا سکتے ہیں۔
- بک انٹری فارم میں بونس اور رائٹ شیئرز/استحقاق کا فوری کریڈٹ۔
- پورٹ فولیو کی معلومات کا جائزہ لینے کے لیے CDS اکاؤنٹس تک 24/07 آن لائن رسائی۔
- سی ڈی ایس اکاؤنٹس کے متواتر اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹس تک آسان رسائی۔

**12 کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 19A کے تحت نوٹس**

مذکورہ بالا دفعات کے تحت فارم 16 ہمراہ شیئر ہولڈرز کو ارسال کیا جاتا ہے جسے کمپنی کی جانب سے سالانہ اجلاس عام کا نوٹس بھیجا گیا ہو۔ مذکورہ شق کے تحت کمپنی کے ہر ایسے رکن سے معلومات درکار ہیں جو حتمی حقیقی فائدہ اٹھانے والا نہ ہو اور جو کمپنی کے کم از کم 5 فیصد حصص یا ووٹنگ رائٹس براہ راست رکھتا ہو۔ ایسے رکن کے لیے لازم ہے کہ وہ کمپنی کو ایک اعلامیہ جمع کرائے، جس میں قواعد وضوابط میں بیان کردہ حتمی حقیقی فائدہ اٹھانے والے/والوں کے بارے میں مطلوبہ معلومات اور تفصیلات فراہم کی جائیں۔

ریگولیشن 19A کی ذیلی ریگولیشن (7) کے مطابق، حتمی حقیقی فائدہ اٹھانے والا سے مراد ایسا قدرتی شخص ہے جو بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر کسی کمپنی کا حتمی مالک ہو یا اس پر کنٹرول رکھتا ہو، خواہ وہ کمپنی کے کم از کم 5 فیصد حصص یا ووٹنگ رائٹس کے ذریعے ہو یا دیگر ذرائع سے کمپنی پر مؤثر کنٹرول کے استعمال کے ذریعے ہو۔ دیگر ذرائع سے کنٹرول کا استعمال ملکیت کے کسی سلسلے کے ذریعے، یا قریبی رشتہ داروں یا ایسے متعلقہ افراد کے ذریعے بھی ہو سکتا ہے جو کمپنی کے مالی معاملات یا فیصلوں پر نمایاں اثر و رسوخ یا کنٹرول رکھتے ہوں۔

براہ کرم اپنا جواب کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کے پتہ پر ارسال کریں۔

**کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان**

**30 جون 2026 مختتمہ سال کے دوران متعلقہ فریق کے لین دین کی توثیق اور منظوری کے لئے نوٹس کے (A)(i)5 سے متعلق آگہی۔**

متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز (RPT) کو 30 جون 2026 مختتمہ سال کے دوران کاروباری سرگرمیوں کے معمول کے دوران IAS 24 کی پروویژنز کی تعمیل میں اس کی کارپوریٹ پالیسی، قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کے مطابق قابل رسائی قیمتوں کی بنیاد پر سرانجام دیا گیا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے تمام آر پی ٹی کا جائزہ لیا گیا اور منظوری دی گئی جس کو آڈٹ کمیٹی کی منظوری کے بعد منظوری کے لئے داخلی آڈٹ کے سربراہ کے رُوبرو رکھا گیا۔

تاہم، چونکہ متعلقہ فریقوں کے درمیان مشترکہ ڈائریکٹرشپ (شیئر ہولڈر یا مشترکہ ڈائریکٹر شپ ہونے کی وجہ سے) موجود ہے، ان لین دین کو سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی منظوری کے لیے رکھا جارہا ہے۔ متعلقہ فریقوں کے ساتھ تمام لین دین، جن کی توثیق کی جائے گی ان کا 30 جون 2026 مختتمہ سال کے مالی گوشواروں میں انکشاف کیا گیا ہے۔

متعلقہ فریقوں کے ساتھ کئے گئے لین دین میں سامان کی خرید وفروخت، منافع کی ادائیگی اور وصولی، سرمایہ کاری اور غیر سرمایہ کاری (جہاں قابل اطلاق ہو حصص یا فنگان اور بورڈ کی منظوری کے مطابق) شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں ہیں۔ ان متعلقہ فریقوں کے ساتھ تعلقات کی نوعیت 30 جون 2026 مختتمہ سال کے مالیاتی گوشواروں میں بھی بیان کی گئی ہے۔

**متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین**

متعلقہ اداروں اور فریقوں میں متعلقہ کمپنیاں، ڈائریکٹرز اور اہم انتظامی عہدیداران شامل ہیں۔ متعلقہ اداروں اور فریقوں کے نام، تعلق کی بنیاد اور ان کے ساتھ کیے گئے لین دین، سوائے اہم انتظامی عہدیداران کو ان کی ملازمت کی شرائط کے تحت دیے جانے والے معاوضے اور مراعات کے، جن کی تفصیل نوٹ 42 میں بیان کی گئی ہے، جو درج ذیل ہیں:

| نام | تعلق کی بنیاد | حصص کا تناسب |
|---|---|---|
| فیصل سپننگ ملز لمیٹڈ | مشترکہ ڈائریکٹر شپ | لاگو نہیں |
| بلیسڈ ٹیکسٹائل لمیٹڈ | مشترکہ ڈائریکٹر شپ | لاگو نہیں |
| بھنیرو انرجی لمیٹڈ | مشترکہ ڈائریکٹر شپ | لاگو نہیں |
| ایڈمرل (پرائیویٹ) لمیٹڈ | ڈائریکٹر کا قریبی خاندانی رکن | لاگو نہیں |
| یاسمین بیگم | ڈائریکٹر کا قریبی خاندانی رکن | 1.00 فیصد |
| خرم سلیم | ڈائریکٹر | 2.06 فیصد |
| فرخ سلیم | ڈائریکٹر کا قریبی خاندانی رکن | 2.02 فیصد |
| یوسف سلیم | ڈائریکٹر کا قریبی خاندانی رکن | 1.67 فیصد |
| ثاقب سلیم | ڈائریکٹر کا قریبی خاندانی رکن | 1.71 فیصد |
| آمنہ خرم | ڈائریکٹر کا قریبی خاندانی رکن | 2.44 فیصد |
| محمد عمر | ڈائریکٹر کا قریبی خاندانی رکن | 0.02 فیصد |
| بیگی فرخ | ڈائریکٹر کا قریبی خاندانی رکن | 2.44 فیصد |
| صبا یوسف | ڈائریکٹر | 2.72 فیصد |
| صبا ثاقب | ڈائریکٹر کا قریبی خاندانی رکن | 2.76 فیصد |
| سمیہ بلال | ڈائریکٹر کا قریبی خاندانی رکن | 11.06 فیصد |

| تعلق کی نوعیت | لین دین کی نوعیت | 30 جون 2026 (روپے) | 30 جون 2025 (روپے) |
|---|---|---|---|
| شریک ادارہ | کپڑے کی فروخت | **529,511,497** | 241,003,082 |
| | کپاس کی فروخت | **22,484,084** | 64,586,798 |
| | یارن کی فروخت | **1,081,523,011** | 753,478,968 |
| | یارن کی خریداری | **431,980,426** | 547,587,905 |
| | کپاس کی خریداری | **23,203,508** | 14,900,199 |
| | کپڑے کی خریداری | **59,999,366** | 138,106,391 |
| | خدمات کا حصول | **618,000** | 618,000 |
| | بجلی کی خریداری | **1,613,088** | 10,387,053 |
| | ڈائریکٹرز اور اسپانسرز سے موصول شدہ قرض | - | 2,500,000 |

**متعلقہ پارٹی لین دین جو کہ جولائی 2026 سے 30 جون 2027 کے دوران سرانجام دیئے جائیں گے کو منظور کرنے کے لیے بورڈ کی اجازت کے نوٹس کے (A)(ii)5 سے متعلق آگہی۔**

کمپنی 30 جون 2027 اختتام پذیر ہونے والے سال کے دوران اپنی متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ لین دین منظور شدہ پالیسی کے مطابق قابل رسائی قیمتوں کی بنیاد پر کاروباری سرگرمی کے معمول میں 'متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ لین دین' کے حوالے سے کرے گی۔ چونکہ، متعلقہ فریقوں کے لین دین میں مشترکہ ڈائریکٹر شپ رہی ہے، اس لیے بورڈ 30 جون 2027 اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کے لیے متعلقہ فریقوں کے ساتھ وقتاً فوقتاً اس طرح کے لین دین کی منظوری کے لیے ممبران کی رضامندی طلب کرتا ہے اور اس طرح کے لین دین کو شیئر ہولڈرز کی طرف سے منظور شدہ سمجھا جائے گا۔ اس طرح کے متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز کی نوعیت اور دائرہ کار اوپر بیان کر دیا گیا ہے اور یہ ٹرانزیکشنز اگلے AGM میں شیئر ہولڈرز کے رُوبرو اُن کی باضابطہ منظوری/توثیق کے لیے رکھی جائیں گی۔

# بھنیرو ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

## ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر

بروز منگل، 27 اکتوبر 2026 کو سہ پہر 03:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بواقع عمر ہاؤس، 23/1، بکلفر 23، ایس ایم فاروق روڈ، کورنگی انڈسٹریل ایریا، 74900، کراچی، پر منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں خصوصی امور کے لئے بیلٹ پیپر۔

چیئرمین کے رابطہ کی تفصیلات، جہاں بیلٹ پیپر بھیجا جا سکتا ہے۔

کاروباری پتہ: چیئرمین، بھنیرو ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، عمر ہاؤس، 23/1، بکلفر 23، ایس ایم فاروق روڈ، کورنگی انڈسٹریل ایریا، 74900، کراچی۔

ای میل ایڈریس: btm.corporate@umergroup.com

| | | |
|---|---|---|
| شیئر ہولڈر/مشترکہ شیئر ہولڈرز کا نام | | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | | |
| فولیو نمبر/سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/انویسٹر آئی ڈی معہ سب اکاؤنٹ نمبر | | |
| ملکیتی حصص کی تعداد | | |
| CNIC/پاسپورٹ نمبر (بصورت غیر ملکی) (کاپی منسلک ہو) | | |
| اضافی معلومات اور وضاحتیں (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندہ کی صورت میں) | | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام: | | |
| مجاز دستخط کنندہ کا CNIC/پاسپورٹ نمبر (بصورت غیر ملکی) (کاپی منسلک ہو) | | |

میں/ہم مندرجہ ذیل قراردادوں کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا/اپنے ووٹ استعمال کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر اپنی رضامندی یا اختلاف رائے دیتے ہیں:

| قراردادوں کی نوعیت اور تفصیل | میں/ہم قراردادوں پر رضامند ہیں (FOR) | میں/ہم قراردادوں پر کے خلاف ہیں (AGAINST) |
|---|---|---|
| ایجنڈا A(i)<br>"قرار پایا کہ سال کے دوران کئے گئے متعلقہ فریقوں کے لین دین کی جیسا کہ 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے مالی حسابات میں ظاہر کیا گیا ہے، اور بذریعہ ہذا توثیق، منظوری اور تصدیق کی جاتی ہے۔" | | |
| ایجنڈا A(ii)<br>"قرار پایا کہ کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران کیس سے کیس کی بنیاد پر متعلقہ فریقوں کے ساتھ ہونے والے لین دین کو شیئر ہولڈرز کی طرف سے منظور شدہ سمجھا جائے گا اور اگلے اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی رسمی توثیق/منظوری کے لیے ان کے سامنے رکھا جائے گا۔ | | |

نوٹس:

1۔ صحیح طریقے سے پُر شدہ پوسٹل بیلٹ چیئرمین بھنیرو ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کو مذکورہ بالا ڈاک کے پتہ پر ای میل کے ذریعے بھیجنا چاہیے۔

2۔ CNIC / پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔

3۔ پوسٹل بیلٹ فارم 26 اکتوبر 2026 کو یا اس سے پہلے صدر اجلاس تک پہنچ جانے چاہئیں۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا۔

4۔ پوسٹل بیلٹ پر دستخط CNIC / پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کے دستخط سے مماثل ہونا چاہئے۔

5۔ نامکمل، بغیر دستخط شدہ، غلط، کٹ کر لکھا ہوا، پھٹا ہوا، مسخ شدہ، دوبارہ لکھا ہوا بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔

6۔ یہ پوسٹل پول پیپر کمپنی کی ویب سائٹ https:www.umergroup.com سے ڈاؤن لوڈ کے لئے بھی دستیاب ہے اراکین ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات میں شائع ہونے والا بیلٹ پیپر استعمال کر سکتے ہیں۔

شیئر ہولڈرز/پراکسی ہولڈرز/مجاز دستخط کنندہ کے دستخط:

(بصورت کارپوریٹ ادارہ، کمپنی کی مہر ثبت کریں)

مقام: _____ تاریخ: _____

22x3